A monthly publication of University of Sargodha
NEWSLETTER
September 2017 : Volume 11, Issue 9

# Pilot project with WWF-Pakistan to preserve peacocks and migratory birds

University of Sargodha and World Wide Fund (WWF)-Pakistan concluded an MOU on August 17, agreeing to take concrete steps for conservation of nature, flora and fauna and rare species of birds and animals in the Soon Valley.

In continuation of the previous collaboration between various departments of UOS and WWF-Pakistan in the domains of Eco-Management, Nature Conservation and Eco-Internship Program, the MOU was signed to launch new initiatives between the two organizations. The Vice Chancellor Dr Ishtiaq Ahmad and Mr. Hammad Naqi Khan, the Director General of WWF Pakistan, inked the agreement.

The two organizations decided to kick-start the long-term collaborative program with the launching of a pilot project to study the near extinction of peacocks in Kallar Kahar and migratory birds in the Soon Valley. In this regard, research groups from University of Sargodha will collaborate with the WWF-Pakistan and a research centre will be established at an affiliated institution of UOS at Kallar Kahar. The WWF Pakistan will give access to UOS researchers to its facilities in the Soon Valley.

The Vice Chancellor spoke on the occasion, saying: "Urbanization and globalization have adversely impacted the rare and endangered species, and it is our professional and moral responsibility to help those engaged in preserving nature."



The DG WWF Pakistan, Mr. Hammad Naqi, and the Vice Chancellor signing the MOU

Mr. Khan committed to extend his organizational support to UOS in the following domains:

- WWF-Pakistan will provide research opportunities to the students of UOS to collect, compile and synthesize data and research on 35 active projects being run by WWF-Pakistan in the areas of wildlife, water management, marine life, climate change and resource conservation.
- WWF-Pakistan will provide funding in the shape of small grants for exceptionally innovative ideas to conserve nature through Small Grant Program of WWF-Pakistan.
- WWF-Pakistan will provide coordination in creating awareness among the masses through mutual activities including seminars, provision of materials, technical support, various activities like plantation campaign.
- WWF-Pakistan will also enroll students of UOS in Youth Development Program of WWF-Pakistan for training and orientation in nature conservation.
- WWF-Pakistan will mutually collaborate in the preservation and revival of migratory birds, Urial (Wild Sheep) and flora and fauna of ecologically significant area of salt range particularly Soon Valley.
- WWF-Pakistan will provide it in Soon Valley, particularly at its reserved site at Khabeki Lake, to the researchers of University of Sargodha, including camping site, information center and fenced area to preserve natural flora and fauna and hydro center.

LANGUAGE TRAINING PROGRAM IN BEIJING

# Young teachers fascinated by Chinese culture



Eight young lecturers from University of Sargodha went to China, late July and attended the teachers training program in Beijing spanning over two weeks. The visit presented a plethora of learning opportunities to the young teachers.

The training program was aimed at familiarizing Pakistani teachers with Chinese language, modern teaching technologies and methodologies as well as the Chinese culture.

This program was a continuation of the exchange program for facilitating people to people interaction with far reaching academic and cultural impacts for both of the nations. Overall forty teachers from different provinces and cities were selected for the said course.

In the backdrop of CPEC, such exchange programs are set to lay down a roadmap for creating people to people connections and common understanding for shared goals.

During the training program, a wide array of language and cultural based sessions were conducted to acquaint the teachers with traditional and modern oeuvre of Chinese culture.

> "In the backdrop of CPEC, such exchange programs are set to lay down a roadmap for creating people to people connections and common understanding for shared goals."

This analysis will aims to explore the ways in which such initiatives can segue into the grand strategic partnership between China and Pakistan, describing the overall gains from the training program and the future benefits which could be reaped from such initiatives.

In the two weeks, multitudes of sessions were conducted by various resource persons in the Capital Normal University.

Following is the list of the major features of the program:

Preliminary Chinese Language course: A number of sessions were conducted to acquaint the participants with Chinese language at a preliminary level. Common usage words and phrases along with the everyday use words were introduced to facilitate the delegate in communicating with Chinese outside the varsity campus.

During these sessions, the participants were shown myriad of cultural facets, like; Shadow Puppet Show, Chinese Paper cutting and varied norms and conventions of Chinese culture were introduced through audio visual aids. Chinese music and musical instruments were also put on display in one of the sessions.

As far as Chinese customs and festivals are concerned, the participants were told about the ways marriages are celebrated and funerals are held in China. It was also briefed to the delegate that how enthusiastically the Chinese New Year is celebrated in China.

Beijing customs and norms were also taught in the session.

The most significant part of the program was the session on the use of modern technologies and teaching methods in the Chinese classrooms. The participants were exposed to the use of state of the art technological multi-wares.

The exciting and entertaining part of the program was the visit to heritage buildings of China. The Great Wall of China, the Temple of Heaven, the Summer Palace and the Forbidden City also familiarized the delegate with the majestic and grandiose Chinese history and culture.



"I have observed several similarities between Pakistani and Chinese cultures. People of Beijing are hospitable and kind hearted. Besides visiting historic places like Forbidden City, Summer Palace, Temple of Heaven and the Great Wall, we all enjoyed the Beijing subway. The language classes encouraged us to communicate in streets. Ni Hao, Nimen Hao, Tia gua la, Chiga, shuay, Chao Zi were the common words that we used frequently. The teachers were also very loving and were excited to teach us. We also availed opportunities to enjoy the famous Beijing duck. We miss Snowi and Blossom, our hosts during the training program, and will always cherish the happy memories of our first visit to China." – **Faisal Aziz**



"The memorable visit to the Great Wall of China, the Summer Palace, the Forbidden City and the Temple of Heaven unveiled the great artistry and glory of the past. I witnessed the awe inspiring and splendid architectural feat of humankind with eager eyes. The Bird's Nest and the Water-cube in the Beijing Olympic City bewildered my eyes and told so much about the modern Chinese architect. The exuberance of the modern Chinese architect grasped my eyes and the breathtaking views of the Beijing skyscrapers dissipated the travelling fatigue instantly. The facets of rich Chinese culture like Shadow Puppet, Tai Chi and Paper Cutting were fascinating." – **Faheem Arshad**



"The short sojourn in Beijing was one of the memorable episodes of my life. A fortnight's stay in the land of wonders, progress and culture left long lasting marks on the canvass of learning and experience. The visit to enchanting Great Wall, mesmerizing Temple of Heaven, the Forbidden City and the soothing Summer Palace greatly please aesthetic side of my soul."– **Rabia Faiz**



"My fabulous journey to Beijing was marvellous. Beijing a fast growing economic city is really a land of hardworking and competent people. Chinese culture, foods, buildings, historical architects are worth mentioning. The visit of Forbidden City, the Temple of Heaven, the Summer Palace and the Great Wall of China will always be a part of my memory." – **Zainab Sherazi**



"The vision was to familiarize the faculty with the Chinese language, traditional art and modern educational techniques. We had fabulous educational and recreational visits to the Great wall, the summer palace, the Temple of Heaven and the Forbidden City. Interpersonal interaction meant to get to know each other's cultures." – **Bushra Gul**



"For me this short trip was a mind boggling experience. My major interest was language and culture but it didn't take long for me to feel completely at home in China. Obviously it's not possible to describe this experience in a few words however I'd like to conclude with a wise Chinese proverb" 博学之，审问之，慎思之，明辨之，笃行之。《礼记·中庸》" – **Tahir Umar**



"I had no idea what to expect before my first visit to the mainland of China. I had certain perceptions of what communist china would look like but there were many ways in which i was totally surprised by my first trip. It gave me a chance to observe keenly and compare the systems between two friendly countries. General attitude of the Chinese people was amicable." – **Asia Alvi**



اقبال کی چشم تخیل نے قریبا ایک صدی قبل چا ئنا کو انگڑائی لے کر اٹھتے دیکھ لیا تھا جبکہ مجھے اس عظیم قوم کے سورج کو ترقی کے نصف النہار پر دیکھنے کا موقع ملا۔ بیجنگ شہر کے لسانی، تعلیمی، ثقافتی، تہذیبی ،معاشی ،معاشرتی زاویوں اور عہد حاضر میں انکی مثالی ترقی کی رفتار اور محرکات کو جاننے اور سمجھنے کا موقع ملا۔
چائنا میں ہر مرد اور عورت بلا تعطل کام کرتا ہے۔ دفتروں کا 95 فیصد کام نوجوان لڑکے لڑکیوں کے ہاتھ میں ہے۔نوجوانوں کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانا ہی اس کے سپر پاور ہونے کی وجہ ہے۔ **ساجد جاوید**

# Punjab Bar Council donates books to Law College

Punjab Bar Council has donated 360 books, periodicals and journals to the University's Law College for the up-gradation of its library. The Vice Chairman Punjab Bar Council, Mr Innayat Ullah Malik, who called on Vice Chancellor Dr Ishtiaq Ahmad on 17th August, also offered access of the website of Pakistan Law Journal to the Law College.

The Vice Chancellor appreciated the generosity of Vice Chairman PBC and invited him to join hands with him in raising the standards of education at Law College. Mr Innayat Ullah Malik suggested that since legal education in the province was being jointly regulated by Punjab Bar Council and Higher Education Commission, it was his responsibility to build the capacity of Law College.

During the meeting, consensus was achieved on the following matters:

- The PBC will facilitate the Law College in purchasing periodicals, journals and reference books at 50 % discount as well as in obtaining the subscription of Pakistan Law Site at a reasonable rate.
- The PBC will arrange a series of lectures on legal ethics at the Law College to educate young lawyers about the moral obligations of their profession.
- In September, a special seminar on reforming legal education will be organized at the Law College. The University will extend an invitation through the PBC to Chief Justice Lahore High Court to grace the occasion along with other learned Judges.
- The PBC will facilitate the visit of 69 lawyers from India to the University of Sargodha in October.
- The quarterly Entry Test for the enrolment to the Bar for lawyers of Sargodha Division shall be held at the Law College.



Vice Chairman Punjab Bar Council Mr Innayat Ullah Malik with the Vice Chancellor and Principal Law College


## *Fine Arts students shine again in All Punjab Universities Painting Competition*

Students of Fine Arts Department made their mark yet again in the special edition celebration series of the 70th Independence Day, 2017.

Waqar Hanif and Sadia Noreen from the Department of Fine Arts of the University of Sargodha contested the All Punjab Universities Painting Competition in the male and female categories respectively.

Making UOS proud, they won first and second positions in their respective categories.

The competition was held at the old campus of the University of the Punjab, Lahore.






Award wining paintings

# یونیورسٹی لیڈیز کلب کو فعال بنانے پر اتفاق



گزشتہ دِنوں مسز وائس چانسلر عائشہ احمد کی جانب سے عشائیے کا اہتمام کیا گیا، جس میں یونیورسٹی سے منسلک خواتین کو مدعو کیا گیا۔ اس عشائیہ میں 60 سے زائد خواتین نے شرکت کی۔ اس موقع پر لیڈیز کلب یونیورسٹی آف سرگودھا کی بیشتر ممبران بھی موجود تھیں۔ اِس موقع پر ڈاکٹر ناظرہ سلطانہ نے تمام خواتین کا تعارف کرایا۔ اس تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا اور نعت رسول مقبول ﷺ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی عظمیٰ داؤد نے پیش کی۔ ڈین فیکلٹی آف سائنسز ڈاکٹر ناظرہ سلطانہ نے خواتین کی جانب سے مسز وائس چانسلر کا شکریہ ادا کیا، جنھوں نے شریک خواتین کو مل بیٹھنے کا موقع فراہم کیا۔ بعدازاں لیڈیز کلب کے قیام کے مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے اُنھوں نے کہا کہ اِس کلب کا قیام اکتوبر 2012ء میں عمل میں لایا گیا، بوجوہ اِس کلب کی باقاعدہ رجسٹریشن نہیں ہوسکی، اِس کلب کے اغراض و مقاصد میں نا صرف سوشل سماجی رابطہ فراہم کرتا ہے بلکہ اس پلیٹ فارم سے یونیورسٹی سے منسلک خواتین کا سوسائٹی میں فعال کردار بھی نمایاں ہوسکتا ہے۔ لیڈیز کلب کے انتظامی عہدؤں میں پیٹرن ان چیف (سرپرست اعلیٰ) پیٹرن (سرپرست) صدر، نائب صدر، جنرل سیکرٹری، فنانس سیکرٹری، انفارمیشن اینڈ پریس سیکرٹری کے علاوہ 10 ایگزیکٹو ممبران بھی شامل ہوں گے۔ اس موقع پر ڈاکٹر ناظرہ سلطانہ نے لیڈیز کلب کے حوالہ سے ایک قرارداد پیش کی۔ جس کا متن درج ذیل ہیں :

" آج کا اجلاس اس بات کا اعادہ کرتا ہے کہ خواتین کو ایک پلیٹ فارم مہیا کرنے کے لیے لیڈیز کلب یونیورسٹی آف سرگودھا کے قیام کی باقاعدہ منظوری دی جائے۔ اور مزید سفارش کرتا ہے کہ یونیورسٹی انتظامیہ اس کو خواتین کے سماجی رابطہ کی تنظیم کے طور پر منظوری دے۔ تاکہ اس پلیٹ فارم کو یونیورسٹی آف سرگودھا میں ملازمت پیشہ خواتین کی بالعموم اور ملازمین سے وابستہ خواتین کی بالخصوص فلاح و بہبود کے لیے استعمال کیا جا سکے۔ یہ تنظیم مسز وائس چانسلر کی زیر سرپرستی اپنے فرائض انجام دے گی۔"

عشائیہ میں موجود تمام خواتین نے اس قرارداد کی پرزور تائید کی۔ ڈاکٹر ناظرہ سلطانہ نے بتایا کہ اس کلب کا باقاعدہ اجلاس جلد منعقد کیا جائے گا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مسز عائشہ احمد (اہلیہ رئیس جامعہ) نے تمام خواتین کو خوش آمدید کہا اور مزید براں اِس امر کا اظہار بھی کیا کہ خواتین کلب کا باقاعدہ قیام یونیورسٹی میں موجود خواتین کے لیے ایک خوش آئند قدم ہے۔ اور اس طرح ہم خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے مختلف پروجیکٹس پر کام کرسکیں گے، جن میں خواتین کے مسائل اور ان کا حل بھی پیش کیا جاسکے گا۔

# میانوالی کیمپس میں تکنیکی نمائش

یونیورسٹی آف سرگودھا میانوالی کیمپس میں شعبہ طبیعیات کے زیرِ اہتمام تکنیکی نمائش کا انعقاد کیا گیا، جس میں بی ایس فزکس اور ایم ایس فزکس کے طلبہ وطالبات نے مختلف سائنسی نظریات اور نئے رُجحانات پر مبنی اپنے پروجیکٹس پیش کیے۔ اس نمائش کا بنیادی مقصد طلبہ میں تخلیقی اور تجرباتی صلاحیتوں کو اُجاگر کر کے شعبہ طبیعیات میں کارفرما اصولوں کا عملی اظہار تھا۔ طلبہ نے نئے آئیڈیاز کو بھی نمائش میں پیش کیا۔ طلبہ نے جو پروجیکٹس پیش کیے ان میں فائر الارم، لیزر سکیورٹی سسٹم، روبوٹک کار، ارتھ کوئیک الارم، سموک سینسر، واٹر لیول ڈی ٹیکٹر، آٹومیٹک سٹریٹ لائٹس، رین الارم، سکن ٹچ سینسر، کلیپ سوئچ، ایف ایم ریڈیو ٹرانسمیٹر، میوزک آپریٹڈ ڈانسنگ ایل ای ڈیز اور ہوم اپلائنسز کنٹرول سسٹم سمیت کل 30 پروجیکٹس اس نمائش میں شامل تھے۔ ان پروجیکٹس کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ کم خرچ، قابلِ اطلاق، سادہ ترین، نہایت حساس اور عملی طور پر امکان پذیر ہیں۔

# سب کیمپس میانوالی: یومِ آزادی کی تقریب

یونیورسٹی آف سرگودھا سب کیمپس میانوالی میں 14 اگست کے حوالے سے ایک شاندار اور پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس کی صدارت کیمپس ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف شاہین نے کی جبکہ نظامت کے فرائض انچارج شعبہ اردو ڈاکٹر محمد شفیق آصف نے انجام دیئے۔ پروگرام کا باقاعدہ آغاز شعبہ کمپیوٹر سائنسز کے لیکچرر حافظ محمد عمران نے تلاوتِ قرآنِ مجید سے کیا جبکہ انچارج شعبہ ایجوکیشن میاں غلام محمد اشرفی نے نعتِ رسولِ مقبول ﷺ پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ کیمپس ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف شاہین نے پاکستانی پرچم لہرا کر 14 اگست کی تقریبات کا باقاعدہ آغاز کیا اور کیمپس کے چاق و چوبند سکیورٹی دستے نے سلامی پیش کی۔

اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف شاہین نے اپنے خطاب میں کہا کہ زندہ قومیں اپنی آزادی کا دن بڑے جوش وخروش سے مناتی ہیں اور وہ ان قربانیوں اور کاوشوں کو بھی پیشِ نظر رکھتی ہیں، جن کی بدولت وہ آزادی جیسی نعمت سے ہمکنار ہوتی ہیں۔ اُنھوں نے کہا کہ پاکستان بڑی قربانیوں کے بعد حاصل ہوا۔ ہمارا ملک قدرتی اور انسانی وسائل سے مالا مال ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم باہم مل کر ملکی ترقی میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں۔ کیمپس کے ہونہار طلبہ شاہد حسن،




حسیب مراد، اسماعیل بھٹی، محمد راحیل اور بلال بھٹی نے ملی نغمے پیش کر کے محفل کو چار چاند لگا دیئے۔ آخر میں تقریب کے شرکا میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ اس تقریب میں تمام شعبہ جات کے انچارج صاحبان، فیکلٹی ممبران اور انتظامی افسران نے شرکت کی۔

# گوجرانوالہ کیمپس: پرچم کشائی کی تقریب

نوجوان نسل کو نظریہ پاکستان سے فکری اور دستوری طور پر روشناس کرانا بے حد ضروری ہے تا کہ ہماری آنے والی نسل پاکستان کی تعمیر وترقی کے لیے اپنا عملی کردار جاری رکھے۔ اِن خیالات کا اظہار سرگودھا یونیورسٹی گوجرانوالہ کیمپس کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد احسان ملک نے یومِ آزادی کے موقع پر یونیورسٹی میں پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اُنھوں نے کہا کہ جشنِ آزادی پاکستان کا دن ہم سے تجدیدِ عہد کا تقاضا کرتا ہے۔ پاکستان کی سلامتی و استحکام کے لیے پوری قوم کو اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہیے، کیوں کہ نئی نسل کو تحریکِ پاکستان کے مقاصد سے روشناس کرانے کی جتنی ضرورت آج ہے پہلے کبھی نہ تھی۔ ہر محبِّ وطن پاکستانی کو نظریاتی اساس کو بچانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ جشنِ آزادی کے موقع پر ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ ہم پاکستان کی ترقی وخوشحالی، وطنِ عزیز سے دہشت گردی کے خاتمے اور امن وامان کے قیام کے لیے اپنی بھرپور کاوشیں جاری رکھیں گے۔ اس موقع پر ذیشان رشید، محمد اجمل خان، محمد عظیم، ڈاکٹر تنویر سہیل، ڈاکٹر افتخار حیدر ملک، فائزہ لیاقت، حسن رؤف، حافظ طاہر، امتیاز احمد،



محمد شفیق، فیکلٹی ڈینز، شعبہ جات کے سربراہان اساتذہ، ملازمین اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ قبل ازیں پروفیسر ڈاکٹر محمد احسان ملک نے یونیورسٹی کیمپس میں پرچم کشائی کی اور قومی ترانہ پڑھا گیا۔ اس موقع پر ملک کی سلامتی اور ترقی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

# آزادی سپورٹس گالا

آزادی سپورٹس گالا کے تحت یونیورسٹی آف سرگودھا اور ضلع سرگودھا کے درمیان ایک دوستانہ کرکٹ میچ کا انعقاد ہوا۔ یہ میچ یونیورسٹی کرکٹ گراؤنڈ پر 9۔ اگست 2017ء کو منعقد ہوا، جس کے مہمانِ خصوصی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد اور ضلعی سپورٹس افسر محمد فیصل تھے۔ ضلع سرگودھا کی کرکٹ ٹیم نے دلچسپ مقابلے کے بعد یہ میچ جیت لیا۔



# جشن آزادی کی تقریبات




وائس چانسلر یونیورسٹی آف سرگودھا ڈاکٹر اشتیاق احمد نے کہا ہے کہ پاکستان جنوبی ایشیا کے مسلمانوں پر اللہ تعالیٰ کا ایک بڑا انعام ہے، جشن آزادی منانے کا مقصد اُن نظریات اور علوم کو فروغ دینا ہے، جو ہماری ترقی واستحکام اور کامیابی کی ضمانت بنیں۔ ان خیالات کا اظہار اُنھوں نے یونیورسٹی آف سرگودھا میں 70 ویں جشن آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وائس چانسلر نے کہا کہ پاکستان نے چیلنجوں اور مسائل کو انتہائی صبر، ہمت اور دلیری سے برداشت کیا ہے۔ ایسے حالات کا سامنا کوئی اَور قوم کرتی تو وہ خطے پر موجود نہ رہ پاتی۔ ان کا کہنا تھا کہ جب مسلمان یورپ اور بالخصوص ایشیا پر حکمران تھے، آج ہمیں وہی تاریخ پھر سے دُہرانے کی ضرورت ہے،۔ اس کے لیے ہمیں پھر سے علمی و تحقیقی اعتبار سے آگے بڑھنا ہے، اس حوالے سے ہماری جامعات خاص اور اہم کردار ادا کرسکتی ہیں۔ وائس چانسلر نے مزید کہا کہ ہمیں آج جشن آزادی منانے کے ساتھ ساتھ پاکستان کو اندورنی اور بیرونی سازشوں کو بچانا ہے اور ہر فرد کو اپنے حصے کی شمع کو روشن کرنا ہے۔ انھوں نے کہا کہ آج ہمارے لیے یہ امر باعث اطمینان ہے کہ ہمارا حال ہمارے ماضی سے بہتر ہے، جس کا کریڈٹ ہماری قوم کی مثبت فکر کو جاتا ہے۔ بین الاقوامی تعلقات کے ایک ماہر کی حیثیت سے وائس چانسلر نے حاضرین کو آگاہ کیا کہ پاکستان دنیا کا واحد ایسا ملک ہے، جو خطے کے پائیدار امن کے لیے ہمیشہ مثبت سوچ کا عملی مظاہرہ کرتا رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ وہ بطور سربراہِ ادارہ اور بحیثیت استاد ہر ایسے فرد کی حوصلہ افزائی کریں گے، جو وطن عزیز کی کامیابی کے لیے نئے نظریات پیش کرے گا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ریزیڈنٹ آفیسر ڈاکٹر محمد اقبال چوہدری نے کہا کہ 14 اگست اُن لوگوں کو سلام کرنے کا دن ہے، جن کی کاوشوں سے ہم آزاد ہوئے اور آج ہم جشن منا رہے ہیں۔ تقریب میں ریاض شاد ہم نصابی فورم کی طرف سے وطن عزیز پر بنائی گئی دستاویزی فلم دِکھائی گئی اور ملّی نغمے پیش کیے گئے، جنھیں حاضرین نے بے حد سراہا۔ اس موقع پر قومی وصوبائی سطح پر ہم نصابی مقابلوں میں غیر معمولی کارکردگی دکھانے والے طلبہ وطالبات کو وائس چانسلر نے خصوصی انعامات سے نوازا۔ اِس سے قبل وائس چانسلر یونیورسٹی آف سرگودھا ڈاکٹر اشتیاق احمد نے بزنس ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کے سامنے پرچم کشائی کی، جہاں یونیورسٹی گارڈز کے چاک وچوبند دستے نے انھیں سلامی پیش کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹرز، پرنسپلز، ڈینز، صدورِ شعبہ جات، اساتذہ، افسرانِ جامعہ، جملہ ملازمین اور طلبہ وطالبات کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔



وائس چانسلر یونیورسٹی آف سرگودھا ڈاکٹر اشتیاق احمد قومی وصوبائی سطح پر ہم نصابی مقابلوں میں غیر معمولی کارکردگی دکھانے والے طلباء وطالبات کو خصوصی انعامات دے رہے ہیں

# نیوزلیٹر

ماہانہ اشاعت یونیورسٹی آف سرگودھا

ستمبر ۲۰۱۷ء | جلد:۱۲ | شمارہ: ۹


## پنجابی اَدبی بورڈ کے وفد کی یونیورسٹی آف سرگودھا آمد

# پاکستان انسٹیٹیوٹ آف پنجاب سٹڈیز کے قیام پر اتفاق



گزشتہ دِنوں پاکستان پنجابی ادبی بورڈ کے تین رکنی وفد نے وائس چانسلر یونیورسٹی آف سرگودھا، ڈاکٹر اشتیاق احمد سے ملاقات کی۔ وفد میں سیکرٹری پاکستان پنجابی ادبی بورڈ پروین ملک (تمغہ امتیاز) قاضی جاوید (تمغہ امتیاز) اور اقبال قصیر شامل تھے۔ اِس ملاقات میں جامعہ سرگودھا سے شعبہ پنجابی کی بندش اور اِس حوالے سے سرگرم افواہوں کے سلسلے میں وائس چانسلر ڈاکٹر اشتیاق احمد نے وفد کو آگاہ کیا کہ جامعہ سرگودھا میں شعبہ پنجابی کو بند نہیں کیا جارہا بلکہ اسے ترقی دے کر ''پاکستان انسٹیٹیوٹ آف پنجاب سٹڈیز'' بنایا جارہا ہے، جس میں تدریس کے ساتھ ساتھ تحقیق اور پنجابی زبان وثقافت پر بھی خصوصی توجہ دی جائے گی۔ یہ انسٹی ٹیوٹ پنجابی زبان وثقافت، تہذیب اور تاریخ سے متعلقہ موضوعات کی ترویج کرے گا۔ نیز یہ انسٹی ٹیوٹ پنجابی میں ریسرچ جرنل کا بھی اجرا کرے گا۔ اس سلسلہ میں انچارج شعبہ پنجابی ڈاکٹر محمد منیر کو فوکل پرسن نامزد کیا گیا اور وائس چانسلر کی طرف سے انھیں ایک ہفتہ کے اندر اس کا پرپوزل جمع کروانے کی ہدایت کی گئی۔ وائس چانسلر نے مزید واضح کیا کہ یونیورسٹی آف سرگودھا امسال نومبر میں ایک بین الاقوامی پنجابی کانفرنس کا انعقاد بھی کرے گی۔ مزید برآں پاکستان پنجابی ادبی بورڈ کے ساتھ پنجابی ادب اور تعلیمی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے باہمی یادداشت بھی تحریر کی جائے گی۔ پاکستان پنجابی ادبی بورڈ کے وفد نے وائس چانسلر کے اقدامات کو سراہا اور ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔